ilmkidunya
علم کی دنیا

Education - 9th Class Education Urdu Medium Chapter 2 Preparation

Q1. معاشرے کی تعمیر و ترقی میں تعلیم کا کردار بیان کریں

Ans 1: تعلیم دراصل ایک ایسا جامع معاشرتی عمل ہے جس کے ذریعے فرد کی شخصیت کے تمام پہلوؤ کی نشونما ہوتی ہے تاکہ وہ معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اپنا بھر پور کردار ادا کرسکے

Q2. علم وحی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: علم وحی سے مراد وہ علم ہے. جو اللہ تعالی نےاپنے فرشتے حِضرت جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے انبیاء کرام پر نازل فرمایا . ہمارے پاس قرآن حکیم کی شکل میں وحی کا علم موجود ہے.

Q3. سائنسی علم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: سائنس تجربے اور مشاہدے پر یقین رکھتی ہے . جو چیزیں انسانی تجزیے اور مشاہدے میں نہیں آتیں وہ سائنس کا درجہ حاصل نہیں کر پاتی.

Q4. تعلیم کا انبیا کرام کی بعثت سے کیا تعلق ہے

Ans 1: اسلام میں علم کی اہمیت انبیا کرام کی دنیا میں بعثت سے بھی واضح ہوتی ہے جہاں جہاں معاشرے کی تہذیب اور ثقافت میں بگاڑ پیدا ہوتا رہا اللہ تعالی اس معاشرہ کی درست سمت میں رہنمائی کے لیے انبیا کرام بھیجتا رہا جو معاشرے کو صیح تعلیم سے آگاہ کرتے تھے

Q5. انسانی زندگی کے ابتدائی دور میں انسان اپنی ئی نسل کی تربیت کیسے کرتا تھا

Ans 1: انسانی زندگی کے ابتدائی ادوار میں بھی انسان اپنی نئی نسل کی تعلیم وتربیت کا خیال رکھتا تھا جو والدین کرتے تھے وہی کچھ بچہ سیکھ جاتا تھا یہ طریقہ غیر رسمی تھا لڑکے عموما وہ کام سیکھ لیتے تھے جن کے ذریعے ان کی خوراک رہائش لباس کا انتظام ہوجاتا تھا لڑکیاں عموما امور خانہ داری اور اولاد کی پرورش کے طریقے سیکھ جاتی تھیں یہ سلسلہ صدیوں جلتا رہا بچوں کی تربیت کی ذمہ داری عموما والدین اور بزرگوں پر عائد ہوتی تھی بعد میں قبیلے کے رہنماؤں اور سرداروں نے بچوں کی رہنمائی کا سلسلہ جاری رکھا

Q6. اہل مغرب کے نقطہ نظر سے تعلیم کا تصور بیان کریں

Ans 1: اہل مغرب کے نزدیک انسانی زندگی کا دائرہ صرف مادی دنیا تک محدو ہے ان کا عقیدہ ہے کہ یہ کائنات خود بخود وجود میں آگئی اور خود بخود کسی دن ختم ہوجائے گا یہی نظریہ ان کے ہاں تعلیم کی بنیاد ہے

Q7. مختلف آرا کی روشنی میں تعلیم کا کوئی جامع مفہوم بیان کریں

Ans 1: تعلیم کا جامع معاشرتی عمل ہے جس کے ذریعے فرد کی شخصیت کے تمام پہلوؤں کی نشوونما ہوتی ہے تاکہ وہ معاشرے کی تعمیر وترقی میں پانا بھر پور کردار ادا کرسکے

Q8. علامہ اقبال کے بقول تعلیم کس چیز کا نام ہے

Ans 1: علامہ اقبال کے نزدیک عرفان خودی اور تکمیل خودی کا نام تعلیم ہے

Q9. ثقافت کیا ہے؟

Ans 1: ہمارا نظریہ حیات'رہن سہن کے طریقے ' ہمارا ادب ہماری روایات' فن تعمیر سوچ کے اندر ' ہمارا لباس ' اُٹھنا بیٹھنا ' میل جول کے آداب اور طریقے مل کر ہماری ثقافت اور تہزیبی ورثہ کہلاتے ہیں.

Q10. کیا علم التعلیم ایک سائنس مضمون ہے

Ans 1: تعلیمی انتظامیات طریقہ ہائے تدریس نصاب سازی اور جائزہ کے میدان میں ایسی تحقیقات ہورہی ہیں جن کی پیمائش کی جاسکتی ہیں جو منظم اور مربوط ہیں اور سائنس کے معیار پر پوری اترتی ہیں اس لحاظ سے تعلیم ایک سائنس ہے